© rasailojaraid.com



برصغیر پاک و ہند کے تین جلیل القدر علمائے کرام کے مضامین کا مجموعہ ہے۔ پہلا مضمون مولانا شبیر احمد عثمانی کا ہے، جو "مسئلہ تقدیر پر ایک اہم شبہ اور اس کا ازالہ" کے عنوان سے زینتِ کتاب ہے، دوسرا مضمون مولانا محمد ادریس کاندھلوی کے رشحاتِ قلم کا نتیجہ ہے، اس کا عنوان "قضا و قدر" ہے۔ تیسرا مقالہ مولانا قاری محمد طیب کے افکار و خیالات کو محتوی ہے، اور "مسئلہ تقدیر" کے عنوان کے ساتھ درج کتاب ہے۔ مقدمہ مولانا مفتی محمد شفیع مرحوم کا تحریر فرمودہ ہے۔

کتاب میں مسئلہ زیر بحث کے تمام گوشوں کو فکر و نظر کے زاویوں میں لایا گیا ہے۔ اللہ ان حضرات علما کو اس اہم خدمتِ دینی پر جزائے خیر سے نوازے گا۔ ان شاء اللہ العزیز۔

## اکبر کہانیاں

**ناشر:** پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، دیال سنگھ مینشن، شاہراہِ قائداعظم، لاہور۔

**صفحات:** ۳۰۸۔ قیمت پچیس روپے

یہ کتاب پنجابی زبان میں ہے اور انگریزی، اردو اور پنجابی کے مشہور لکھنے والے اکبر لاہوری کی کہانیوں پر مشتمل ہے۔ "اکبر کہانیاں" اس کا نام اس لیے رکھا گیا ہے کہ یہ کہانیاں پاکستان پنجابی ادبی بورڈ کے سیکرٹری جناب سبط الحسن ضیغم کے بقول بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔ ضیغم صاحب لکھتے ہیں: "کتاب دا ناں "اکبر کہانیاں" تجویز کیتا گیا، کیوں جے ایہہ کہانیاں لیاں ہون دے باوجود وڈیاں نیں۔ بنتر، موضوع، زبان دے کارن تے ایہناں دے نال نال ای ایہہ اٹھانیاں کتاب دا ناں "اکبر کہانیاں" ای مناسب تجویز کیتا گیا اے۔" کتابت، طباعت، کاغذ، سرورق عمدہ۔

## وحدت الوجود تے پنجابی شاعری

**مصنف:** سید علی عباس جلالپوری

**ناشر:** پاکستان پنجابی ادبی بورڈ، دیال سنگھ مینشن، شاہراہ قائداعظم، لاہور۔

**صفحات:** ۲۴۸۔ قیمت پندرہ روپے

وحدت الوجود، تصوف کا ایک اہم مسئلہ ہے، متعدد صوفیا نے تصوف کے اس نقطہ نظر کو اپنایا اور اس کی ترجمانی کی ہے۔ بعض صوفیا اس سلسلے میں بہت آگے نکل گئے ہیں۔ پنجابی زبان کی زیر نظر کتاب میں مصنف نے متعدد مشہور پنجابی شعرا کے کلام کی روشنی میں اس مسئلے پر گفتگو کی ہے، اور بتایا ہے کہ کس کس شاعر نے اس ضمن میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ بہترین۔

© rasailojaraid.com